ادبیات

غزل

از

(جناب روشؔ صدیقی)

حرفِ آساں لب آشنا نہ ہوا
میں زمانے کا ہم نوا نہ ہوا

بوئے گل کیوں نہیں گریباں گیر
یہ تو موسم بہار کا نہ ہوا

حادثے کتنے دل پہ گذرے ہیں
کس قیامت کا سامنا نہ ہوا

وہ غمِ دو جہاں کو کیا جانے
جو ترے غم میں مبتلا نہ ہوا

وہم امید و یاس باطل ہے
کیا ہوا عاشقی میں کیا نہ ہوا

تجھ سے ہو کر جدا یہ دل اے دوست
پھر کسی حال میں جُدا نہ ہوا

وہ، جو مفہوم تھا محبت کا
جاں نثاری سے بھی ادا نہ ہوا

بندگی ہی میں کچھ کمی ہوگی
بندگی میں اگر بھلا نہ ہوا

چشم پُرنم ہے ساغرِ لبریز
رند کیا ہے جو پارسا نہ ہوا

اُس کے وعدے نے بات تو رکھ لی
لاکھ شرمندۂ وفا نہ ہوا

کتنے درماں شناس ملتے ہیں
کیوں کوئی درد آشنا نہ ہوا

ہم نے جادو کیا غزالوں پر
کوئی ہم سا غزل سرا نہ ہوا

حق پرستی کہاں کہ ہم سے روشؔ
ان بتوں کا بھی حق ادا نہ ہوا